© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

**پروفیسر محمود خان شیرانی مرحوم:**

گورنمنٹ کامرس کالج ملتان کے پرنسپل اور ہمارے مہربان جناب محمد عتیق کے برادرِ اکبر پروفیسر محمود خان شیرانی دو ماہ قبل انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک علمی و ادبی شخصیت تھے اور اپنے تحقیقی و تصنیفی کام میں مشغول رہے۔ ان کے ذاتی کتب خانے میں کتابوں کا ایک اعلیٰ اور معیاری ذخیرہ موجود تھا۔ تحقیقی کام کرنے والے احباب کے ساتھ فراخدلی سے علمی تعاون فرماتے۔ ایک ملنسار، خوددار اور مہربان انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

☆ والدہ مرحومہ قاری محمد ظفر اللہ مدرس مدرسہ معمورہ ملتان۔ (۱۸ر اکتوبر ۲۰۰۶ء)

☆ محمد اسامہ مرحوم بن رضوان اللہ امجد (ہڑپہ)

☆ شیخ عبدالرشید مرحوم (والد محمد طارق رشید صاحب ملتان سوداگران چرم۔ ۷ رمضان)

☆ محمد عطاء اللہ مرحوم بن مستری محمد عبداللہ مرحوم (ملتان) ۹ رنومبر ۲۰۰۶ء۔ جمعرات

☆ جام امجد حمید ماہڑہ۔ مظفر گڑھ۔ ۳۰ر اکتوبر ۲۰۰۶ء

☆ حکیم حافظ عطاء یزدانی مرحوم۔ ملتان۔ ۲۱ رنومبر ۲۰۰۶ء

☆ مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے کارکن ڈاکٹر محمد خورشید کے والد مرحوم۔ ۱۶ رنومبر ۲۰۰۶ء

☆ مجلس احرار اسلام جلال پور پیروالا کے صدر قاری عبدالرحیم فاروقی کے ہم زلف عبیدالرحمٰن پر کسی شقی القلب نے تیزاب انڈیل دیا، جس سے وہ جاں بحق ہو گئے۔

☆ حکیم محمد قاسم مرحوم (نواسہ حضرت مولانا محمد عبداللہ بہلوی رحمتہ اللہ علیہ) کی بیوہ اور حکیم محمد یوسف قریشی کی بھابھی مرحومہ۔ ۸ رشوال ۱۴۲۷ھ۔ یکم نومبر ۲۰۰۶ء۔ جلال پور پیروالا

☆ قاری غلام نبی مرحوم (سابق امام مسجد گنج سلطانی کچہری روڈ ملتان) ۲۵ رنومبر ۲۰۰۶ء

☆ مجلس احرار اسلام گجرات کے کارکن محمد افضل اور محمد جاوید کے جواں سال بھائی محمد سعید گزشتہ ماہ عارضۂ قلب سے انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے دعائے مغفرت و ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن جناب عبدالحکیم کی والدہ محترمہ علیل ہیں

© rasailojaraid.com